بلوچستان اور وفاق میں پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کی اتحادی حکومت ہیں یہی موقع ہے دونوں بڑی جماعتیں بلوچستان کی نشستوں میں اضافہ کیلئے آئین میں ترمیم کریں۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعہ کو اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت ہوا۔ اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن اسمبلی اصغر علی ترین نے اپنی قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان جو رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا اور وسائل سے مالا مال صوبہ ہے لیکن مسائل کی وجہ سے متاثر اور پسماندہ صوبہ ہے، علاوہ ازیں ملک کے 44 فیصد رقبے کا حامل صرف جنگ نہیں بلکہ اس کی اصل نمائندگی ہے اور نمائندگی بڑھانے سے ہی مسائل کا حل ممکن ہے۔ لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ کثیر آبادی اور وسیع رقبے کو مدنظر رکھتے ہوئے بلوچستان کی صوبائی اسمبلی کی نشستیں 65 سے بڑھا کر 85 اور قومی اسمبلی میں بلوچستان کی نشستیں 20 سے بڑھا کر 28 کرنے کیلئے عملی اقدامات اٹھانے کو یقینی بنائے تاکہ بلوچستان کے عوام میں پائی جانے والی بے چینی اور احساس محرومی کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔ صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے کہا کہ ماضی میں بلوچستان کو اس طرح سے توجہ نہیں ملی جس کا وہ حقدار تھا وقت کا تقاضا ہے کہ بلوچستان کے معاملات پر غور کیا جائے انہوں نے کہا کہ قومی جماعتیں بلوچستان کی نمائندگی میں اضافہ کیلئے قانون سازی کریں، نشستوں میں اضافہ سے سیاسی جماعتوں کی نمائندگی میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی کی نشستوں کی تعداد کی بجائے 40 سے زائد اضافہ ہونا چاہیے۔ بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے قومی و صوبائی اسمبلی کی نشستوں میں اضافہ کو صوبے کے مفاد میں قرار دیتے ہوئے کہا کہ جب ہم دیگر قوانین منظور کر سکتے ہیں تو یہ بھی منظور کیا جائے اور صرف قرارداد منظور نہیں بلکہ اس پر عملدرآمد بھی کیا جائے، رخشان کے قومی اسمبلی کی نشست چار اضلاع پر مشتمل ہے، مردم شماری میں ہمارے صوبے کی آبادی کو کم ظاہر کیا گیا، قومی اسمبلی کی 362 نشستوں میں بلوچستان کی نشستیں آٹے میں نمک کے بھی برابر نہیں۔ صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ نصیر آباد کی چھ لاکھ آبادی پر مشتمل علاقے کی قومی اسمبلی میں نمائندگی نہیں۔ انہوں نے اسپیکر سے استدعا کی کہ وہ اس حوالے سے ایک کمیٹی قائم کریں جو وفاق میں دلائل کے ساتھ اپنی بات رکھے۔ نیشنل پارٹی کے رکن رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ 2017ء میں بھی صوبائی اور قومی اسمبلی کی نشستوں میں اضافہ کی قرارداد اس ایوان سے منظور ہوئی ہے بلوچستان رقبے کے اعتبار سے ملک کا 47 فیصد حصہ ہے اس کے پیش نظر قومی و صوبائی اسمبلی کے حلقوں میں اضافہ کر کے عوامی نمائندگی میں اضافہ کیا جائے۔ عوامی نیشنل پارٹی کے انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ پہلے بھی ہم نے اس ایوان سے مشترکہ قرارداد منظور کرائی تھی کہ ہر ضلع کو ایک قومی اسمبلی کی نشست دی جائے۔

چیف سیکرٹری بلوچستان کی ترقی، خوشحالی کیلئے کام کررہے ہیں، ارکان اسمبلی

علی حسن زہری کے کلمات سے پیپلز پارٹی کا کوئی تعلق نہیں، ظہور بلیدی، صادق عمرانی و دیگر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزراء اور ارکان اسمبلی نے کہا ہے کہ چیف سیکرٹری بلوچستان ایک ایماندار اور فرض شناس اور قابل احترام افیسر ہیں، وہ صوبے کی ترقی، خوشحالی، امن وامان کیلئے دن رات کام کررہے ہیں۔ جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے کہا ہے کہ سابق صوبائی وزیر میر علی حسن زہری کے چیف سیکرٹری بلوچستان کے حوالے سے کلمات سے پیپلز پارٹی کا کوئی تعلق نہیں، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اچھے اور قابل افیسر ہیں وہ دن رات بلوچستان کی ترقی کیلئے محنت کررہے ہیں، پیپلز پارٹی اپنے سخت ترین مخالف کے ساتھ بھی عزت و احترام سے پیش آئی ہے۔ ذوالفقار علی بھٹو کی شہادت کے بعد جب محترمہ بے نظیر بھٹو وزیراعظم بنیں تو انہوں نے کسی سیاسی مخالف سے انتقام نہیں لیا اسی طرح محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت کے بعد صدر آصف علی زرداری نے مفاہمت کا نعرہ لگایا۔ پیپلز پارٹی کے سینئر صوبائی وزیر میر صادق عمرانی نے کہا کہ چیف سیکرٹری بلوچستان کے حوالے سے ادا کیے گئے کلمات فرد کا ذاتی فعل ہے، چیف سیکرٹری بلوچستان ایک ایماندار اور فرض شناس اور قابل احترام افیسر ہیں وہ صوبے کی ترقی، خوشحالی امن وامان کیلئے دن رات کام کررہے ہیں، انہوں نے کہا کہ جس طرح علی حسن زہری اس ایوان کا رکن بن کر آئے تھے اسی طرح نہیں آئیں گے۔ صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو نے بھی چیف سیکرٹری سے متعلق سابق رکن اسمبلی کے ریمارکس کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کیلئے خدمات پر چیف سیکرٹری کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ جمعیت علماء اسلام کے اراکین اسمبلی اصغر علی ترین اور سید ظفر علی آغا نے بھی چیف سیکرٹری سے متعلق سابق رکن اسمبلی کے ریمارکس کی مذمت کرتے ہوئے پیپلز پارٹی کی اعلیٰ قیادت سے ان کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا۔

بلوچستان اسمبلی کی نشستیں 90 تک بڑھانے پر غور کیا جانا چاہیے، اسپیکر

نشستوں میں اضافے سے متعلق قرارداد نہایت اہم، حقیقی نمائندگی یقینی بنانے کیلئے سنجیدہ اور موثر اقدامات ناگزیر ہیں

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ریٹائرڈ) عبدالخالق خان اچکزئی نے بلوچستان اسمبلی اور قومی اسمبلی میں بلوچستان کی نشستوں میں اضافے سے متعلق پیش کی گئی قرارداد کو نہایت اہم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے کی حقیقی نمائندگی کو یقینی بنانے کے لئے سنجیدہ اور موثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ اسپیکر عبدالخالق اچکزئی نے زور دیا کہ اگر صوبائی اسمبلی کی نشستیں بڑھائی جارہی ہیں تو انہیں 85 تک محدود رکھنے کے بجائے 90 تک بڑھانے پر بھی غور کیا جانا چاہیے، تاکہ بلوچستان کی موثر اور منصفانہ نمائندگی یقینی بنائی جا سکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 21 FEB 2026 Page No.

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں رمضان سستے بازار قائم کئے جائیں گے، ڈی سی کوئٹہ

ضلعی انتظامیہ رمضان میں عوام کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے، مہراللہ بادینی

سہولیات کا جائزہ لینے کیلئے ڈی سی کی زیر صدارت اجلاس، سیکورٹی کے فول پروف اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے اسسٹنٹ کمشنر سٹی کوئٹہ عبداللہ بن عارف کے ہمراہ رمضان سستا بازار کے انعقاد کے حوالے سے ایوب اسٹیڈیم کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے مجوزہ جگہ، انتظامات، اسٹالز کی ترتیب، سیکورٹی، پارکنگ اور عوامی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت جاری کی کہ رمضان المبارک کے دوران عوام کو معیاری اور سستی اشیائے خورد ونوش کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں رمضان سستا بازاروں کا انعقاد کیا جائے گا تاکہ شہریوں کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ رمضان المبارک میں اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں کی سخت نگرانی، صفائی ستھرائی کے مؤثر انتظامات، اور سیکورٹی کے فول پروف اقدامات یقینی بنائے جائیں تاکہ شہریوں کو بہترین سہولیات میسر آسکیں۔ ضلعی انتظامیہ رمضان المبارک میں عوام کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے متحرک ہے۔

Century Express Quetta

ایوب سپورٹس کمپلیکس میں سستا بازار قائم کر دیا گیا

مٹن، بیف، مرغی سمیت دیگر اشیائے خورونوش سرکاری نرخ نامے پر دستیاب

ریلیف دینے کیلئے تمام اشیائے ضروریہ کو شامل کیا جائے، خاتون کی گفتگو

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی حکومت کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ نے رمضان المبارک میں ایوب اسپورٹس کمپلیکس میں سستا بازار قائم کر دیا ہے جہاں مٹن، بیف اور مرغی کا گوشت سرکاری نرخ ناموں پر دستیاب ہوگا مٹن 2000، بیف بغیر ہڈی والا گوشت فی کلو 1000 روپے میں دستیاب ہے اسی طرح مرغی کا گوشت 400 روپے کلو میں فروخت کیا جا رہا ہے سستا بازار میں بیکری، دودھ دہی اور دیگر اشیاء خورد ونوش کے اسٹال لگائے گئے ہیں جبکہ کئی اسٹالز خالی پڑے ہوئے ہیں سستا بازار میں آئی ہوئی خاتون نے سنچری ایکسپریس سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کو چاہیے ہیں کہ سستا بازار تمام اشیاء ضرورت کو شامل کرے تاکہ شہری ماہ رمضان سکون سے گذار سکیں لیکن ابھی تک سستا بازار میں چند اسٹالز لگائے گئے ہیں جہاں صرف دس روپے کا فرق ہے ایسے میں عوام کو سستا بازار میں کیسا ریلیف دیا گیا ہے ہم حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں غریب عوام کو ریلیف دینا ہے تو پنجاب حکومت کی طرح ریلیف دیا جائے۔ خریداروں کا کہنا تھا کہ حکومت اگر واقعی سنجیدہ ہے کہ ماہ رمضان میں عوام کو سستی اشیاء فراہم کی جائیں۔ تو اس کے لیے حکومت کو موثر اقدامات اٹھانے ہونگے۔

حکومتی سرگرمیاں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 21 FEB 2026 Page No. ______

گراں فروشوں اور منافع خوروں کیخلاف کریک ڈاؤن، 113 افراد گرفتار

رمضان کے دوران ناجائز منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کا رمضان میں گراں فروشی اور منافع خوروں کے خلاف کریک ڈاؤن، 113 افراد گرفتار کرلیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے کہا ہے کہ ماہ صیام کے دوران عوام کو سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین ترجیحات ہیں رمضان میں گراں فروشی اور منافع خوری کی کسی کو بھی اجازت نہیں دی جائے گی پرائس کنٹرول کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کرتے ہوئے۔ سب ڈویژن سٹی میں 41 قصائیوں اور تندور مالکان کو سب ڈویژن صدر میں 32 قصائیوں اور نانبائیوں اور۔ سب ڈویژن کچلاک میں 22 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ سب ڈویژن سریاب میں 18 افراد کو حراست میں لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہے کہ رمضان کے دوران ناجائز منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ خلاف ورزی کے مرتکب افراد کے خلاف مقدمات درج کرکے جیل بھیجا جارہا ہے اور یہ کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔

کوئٹہ: ٹیکس قوانین کی خلاف ورزی پر 3 معروف ریسٹورنٹس سیل

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات پر سیلز ٹیکس نادہندگان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے گرین ہوٹل پرنس روڈ، گلشن کڑاہی طوغی روڈ اور مون ریسٹورنٹ ملینیئم مال کو ٹیکس قوانین کی خلاف ورزی پر سیل کردیا ہے۔ حکام کے مطابق صوبے میں ٹیکس قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے کارروائیاں مزید تیز کی جارہی ہیں۔

جائیداد سے متعلق خدمات فراہم کرنیوالوں کو ایف بی آر میں رجسٹریشن کرانے کی ہدایت

غیر رجسٹرڈ رہنے، ٹیکس واجبات ادانہ کرنے یا بروقت ریٹرن جمع نہ کرانے کی صورت میں کارروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے غیر منقولہ جائیداد کی خرید و فروخت یا کرایہ داری (ا ر گ) سے متعلق خدمات فراہم کرنے والے افراد و اداروں کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ فوری طور پر بی آر اے کے ساتھ اپنی رجسٹریشن مکمل کریں اور ہر ٹیکس پیریڈ کی ریٹرن مقررہ وقت کے اندر جمع کرائیں۔ بی آر اے کے مطابق بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ 2015 ترمیم شدہ فنانس ایکٹ 2025 کے تحت غیر منقولہ جائیداد کی خرید و فروخت یا کرایہ داری سے متعلق فراہم کی جانے والی خدمات پر 5 فیصد سیلز ٹیکس عائد ہے۔ اس ضمن میں رئیل اسٹیٹ ایجنٹس، پراپرٹی ڈیلرز اور متعلقہ سروس پروائیڈرز پر لازم ہے کہ وہ مقررہ شرح کے مطابق ٹیکس کی ادائیگی کو یقینی بنائیں اور اپنی ٹیکس ریٹرنز بروقت جمع کرائیں۔ اتھارٹی نے خبردار کیا ہے کہ غیر رجسٹرڈ رہنے، ٹیکس واجبات ادانہ کرنے یا بروقت ریٹرن جمع نہ کرانے کی صورت میں بی ایس ٹی ایس ایکٹ 2015 کے تحت جرمانے اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔ بی آر اے نے متعلقہ افراد و اداروں پر زور دیا ہے کہ وہ ٹیکس قوانین کی مکمل پاسداری کریں تاکہ کسی بھی قسم کی قانونی پیچیدگی اور جرمانوں سے بچا جاسکے۔

MASHRIQ QUETTA

نادرا: پاکستانیوں کی فیملی ٹری میں ہزاروں غیر متعلقہ افراد کی موجودگی کا انکشاف

ابتدائی طور پر راولپنڈی میں کارروائی شروع، 833 افراد کو نوٹس جاری 7 دن میں پیش ہونے کا حکم

مذکورہ افراد پر جعل سازی کے ذریعے پاکستانی شہریوں کے فیملی ٹری میں شامل ہونے کا الزام ہے

راولپنڈی (زاہد احمد خان) نادرا میں پاکستانیوں کی فیملی ٹری میں ہزاروں گھس بیٹھیوں کے موجودگی کا انکشاف ہوا ہے جس کیخلاف کارروائی شروع کردی گئی ہے، جعل سازی کے ذریعے پاکستانی شناختی کارڈ حاصل کرنے والے مشتبہ افراد کو نادرا نے طلب کرلیا۔ نادرا حکام کے مطابق ابتدائی طور پر ضلع راولپنڈی کے 833 افراد کو پیش ہونے کے نوٹس جاری کردیے اور ان 833 افراد کو 7 دنوں میں پیش ہونے کا حکم دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق مذکورہ افراد پر جعل سازی کے ذریعے پاکستانی شہریوں کے فیملی ٹری میں شامل ہونے کا الزام ہے، جعل سازی کے .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

ذریعے شناختی کارڈ حاصل کرنے والوں کو فون کال، میسج بھی کیے گئے ہیں، نوٹسز جاری کرکے ان لوگوں کو موقف سنا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق پیش نہ ہونے والے افراد کی پاکستانی شہریت ختم کی جاسکتی ہے۔

پاکستان کے دفاع کیلئے بلوچستان کے سپوتوں کی عظیم قربانیاں

پاک فوج کے افسران و جوانوں کا شہدا بلوچستان کو زبردست خراج عقیدت پیش

کوئٹہ (این این آئی) دفاع وطن کی خاطر پاک فوج اور ایف سی بلوچستان کے جوانوں نے ہمیشہ جرأت، عزم اور قربانی کی لازوال داستانیں رقم کی ہیں۔ پاک فوج .... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

اور ایف سی بلوچستان کے افسران و جوانوں کا شہدا بلوچستان کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا جس میں شہداء کے ورثاء کے ہمراہ پاک فوج کے جوانوں نے شہداء کے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ شہداء میں صحبت پور سے تعلق رکھنے والے حوالدار لیاقت علی شہید، زیارت سے لانس حوالدار محمد عقیل شہید اور جعفرآباد سے نائیک گلاب خان شہید شامل ہیں۔

بلوچستان کے متعدد ایس پیز کے تبادلے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے متعدد اضلاع کے ایس پیز کے تبادلے کردیے گئے۔ جمعہ کو آئی جی پولیس بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق ملک محمد اصغر عثمان کو اے آئی جی سیکورٹی سی پی او کوئٹہ، ڈاکٹر فہد احمد کو ایس ایس پی لورالائی، نجیب اللہ پندرانی کو ایس ایس پی لسبیلہ، سید فاضل شاہ بخاری کو اے آئی جی پی، آئی ٹی سی پی او، کوئٹہ، محمد بلوچ کو ایس پی حب، جمیل احمد کو زونل کمانڈر بی سی زون III، محمد بیدار بخت کو ایس پی آپریشنز قائد آباد ڈویژن کوئٹہ، عثمان عزیز میر کو ایس پی آپریشنز صدر .... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

ڈویژن کوئٹہ، سید طلال احمد شاہ کو ایس ایس پی سیکورٹی ڈویژن کوئٹہ، عتیق الرحمٰن کو ایس پی چمن، سلیم جاوید شاہوانی کو قائم مقام ایس پی نوشکی، شاہد جمیل کاکڑ کو ڈی ایس پی سیکورٹی سول سیکرٹریٹ، اطہر رشید کو قائم مقام ایس پی قلعہ عبداللہ، سید عابد حسین بخاری کو قائم مقام ایس پی آپریشنز سریاب ڈویژن کوئٹہ، عابد جدون کو ایس ڈی پی او کچلاک، خضر حیات کو قائم مقام ایس ڈی پی او شالکوٹ سرکل کوئٹہ، رحمت اللہ کو قائم مقام ایس پی جھل مگسی تعینات کردیا گیا جبکہ حسین احمد لہڑی، عاطف امیر، عبداللہ عمران چیمہ، سبحان علی مگسی کو سی پی او کوئٹہ رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

زرعی شعبے کی بحالی اور کسانوں کی مالی معاونت کیلئے صوبائی حکومت کا بڑا اقدام

اقدام کا مقصد کاشتکاری میں اضافہ، دیہی معیشت کو مضبوط بنانا اور چھوٹے کسانوں کو بااختیار بنانا ہے

زرعی شعبے کیلئے بلاسود قرضوں کی فراہمی سے صوبے میں 35 ہزار 609 ایکڑ رقبے پر کاشتکاری ممکن ہوگی

کوئٹہ (آئی این پی) زرعی شعبے کی بحالی اور کسانوں کی مالی معاونت کے لیے صوبائی حکومت نے ایک بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے بلاسود قرضوں کی فراہمی کا دائرہ کار مزید وسیع کردیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد کاشتکاری میں اضافہ، دیہی معیشت کو مضبوط بنانا اور چھوٹے کسانوں کو بااختیار بنانا ہے۔ تفصیلات کے مطابق حکومت بلوچستان نے گرین پاکستان انیشیٹو فیز ٹو کے تحت 847 کسانوں کو 3.2 ارب روپے کے بلاسود قرضے فراہم کیے ہیں۔ اس حوالے سے میر سرفراز بگٹی نے بتایا کہ ان قرضوں کے ذریعے صوبے میں 35 ہزار 609 ایکڑ رقبے پر کاشتکاری ممکن بنائی جارہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گرین پاکستان انیشیٹو فیز ون کے تحت بھی 257 کسانوں کو 6.85 ارب روپے کے بلاسود قرضے فراہم کیے جاچکے ہیں، جس کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کسان کارڈ کے ذریعے غریب کسانوں کو مالی سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No.______ Dated: 21 FEB 2026 Page No.______

غیرقانونی واٹر کورسز و پانی چوری کیخلاف کارروائی کی جائے، صادق عمرانی

حکومت زراعت کے فروغ اور کسانوں کی خوشحالی کیلئے اریگیشن کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کر رہی ہے' صوبائی وزیر

حکومتی اصلاحات کا مقصد کرپشن کا خاتمہ اور کسانوں کو بروقت پانی کی فراہمی ہے' اجلاس سے خطاب و وفود سے گفتگو

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے محکمہ اریگیشن کے اعلیٰ افسران کے ساتھ ایک اہم اجلاس کی صدارت کی، جس میں جاری ترقیاتی منصوبوں، اصلاحاتی اقدامات، پانی کی منصفانہ تقسیم، اور عوامی شکایات کے ازالے پر تفصیلی غور کیا گیا اجلاس میں سیکرٹری اریگیشن سہیل الرحمان بلوچ سمیت چیف انجینئرز، سپرنٹنڈنگ انجینئرز، ایگزیکٹو انجینئر پٹ فیڈر کینال میر فرید چندرانی اور دیگر متعلقہ افسران شریک ہوئے صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ جاری ترقیاتی ...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

اسکیموں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔ نہری نظام کی بہتری اور ٹیل تک پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے غیر قانونی واٹر کورسز اور پانی چوری کے خلاف سخت کارروائی کی جائے انہوں نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت زراعت کے فروغ اور کسانوں کی خوشحالی کیلئے اریگیشن نظام کو جدید خطوط پر استوار کر رہی ہے۔ صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی نے اجلاس میں بتایا کہ محکمہ اریگیشن کے تحت مختلف اضلاع میں نہروں کی صفائی، پشتوں کی مضبوطی، ہیڈ ورکس کی مرمت، اور نئی اسکیموں پر تیزی سے کام جاری ہے زرعی زمینوں تک پانی کی۔ منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جائے۔ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے پیشگی حفاظتی اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اصلاحات کا مقصد کرپشن کا خاتمہ اور کسانوں کو بروقت پانی کی فراہمی ہے جو ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے اپنے دفتر میں مختلف علاقوں سے آئے عوامی وفود سے ملاقاتیں کیں۔

بلوچستان حکومت بہتر روزگار کے مواقع پیدا کرنے کیلئے کوشاں ہے، بخت کاکڑ

ماضی کی حکومتوں نے صوبے کی ترقی و خوشحالی پر کوئی توجہ نہیں دی جس کے باعث مسائل میں اضافہ ہوا' صوبائی وزیر صحت

پیپلز پارٹی جمہور کی بقاء کی علامت ہمیشہ عام عوام کے حقوق کی بات کی ہے ہم اپنے حلف کے پابند ہیں' وفد سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے تمام اضلاع میں صحت، پینے کی صاف پانی کے ساتھ ساتھ ترقیاتی کاموں پر صوبائی حکومت کی توجہ مرکوز ہے بلوچستان کے عوام چاہتے کہ صوبہ ایک ہی دن میں ترقی کی راہ پر گامزن ہو یہ ناممکن ہے بلوچستان کے سابقہ ادوار میں جتنی بھی حکومتیں تھیں انہوں نے صوبے کی ترقی پر توجہ نہیں دی ہے' یہ بات انہوں نے جمعہ کے روز وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں صحت کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا حکومت ...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے کیونکہ جب انسان کا صحت نہ ہو وہ کسی بھی شعبے میں ترقی طے نہیں کر سکتا پاکستان پیپلز پارٹی آئین کی بالادستی اور جمہور کی بقاء کی علامت ہے جس نے ہمیشہ عام عوام کے حقوق کی بات کی ہم اپنے حلف کے پابند ہیں عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کریں گے بھٹو کے وژن اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں بلوچستان ترقی کی منازل طے کرے گا' میرے دروازے پیپلز پارٹی کے جیالوں کے لئے ہر وقت کھلے ہیں حلقہ انتخاب میں جلد ترقیاتی کاموں صوبے اور حلقہ انتخاب کی ترقی و خوشحالی موجودہ صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے اس سلسلے میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی کوتاہی اور غفلت برتنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی

بلوچستان ملک کا غریب ترین صوبہ قرار، شرح 47 فیصد تک پہنچ گئی

معاشی ناہمواری بھی 28.4 فیصد سے بڑھ کر 32.7 فیصد ہوگئی، امیر اور غریب کے درمیان فرق مزید نمایاں ہو گیا

مہنگائی میں اضافہ، آئی ایم ایف کی شرائط اور بجلی گیس کی قیمتوں میں اضافے نے عوام کی زندگی پر گہرا اثر ڈالا، احسن اقبال

اسلام آباد/کوئٹہ (یو این اے) ایچ آئی ای ایس کے تازہ اعداد و شمار کے مطابق بلوچستان میں غربت کی شرح 42 فیصد سے بڑھ کر 47 فیصد ہو گئی ہے، جو ملک کے تمام صوبوں میں سب سے زیادہ ہے۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

کہ ملک بھر میں غربت کی مجموعی شرح 28.9 فیصد تک پہنچ چکی ہے جبکہ گزشتہ 7 سال کے دوران تقریباً 7 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اسی دوران معاشی ناہمواری بھی 28.4 فیصد سے بڑھ کر 32.7 فیصد ہوگئی ہے، جس سے امیر اور غریب کے درمیان فرق مزید نمایاں ہو گیا ہے۔ شہری علاقوں میں غربت کی شرح 11 فیصد سے بڑھ کر 17.4 فیصد جبکہ دیہی علاقوں میں 28.2 فیصد سے بڑھ کر 36.2 فیصد ہوگئی ہے۔ صوبائی سطح پر بھی صورتحال سنگین ہے۔

بلوچستان اقوام، ثقافتوں اور زبانوں کا حسین امتزاج ہے' سلیم کھوسہ

مختلف اقوام کا باہمی احترام ایک دوسرے کی زبانوں کو سراہنا ہی حقیقی یکجہتی ہے' رہنما مسلم لیگ (ن)

ایسے اقدامات کی حمایت کرتے ہیں جو لسانی ہم آہنگی اور بین الثقافتی مکالمے کو فروغ دیں' صوبائی وزیر

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان مختلف اقوام، ثقافتوں اور زبانوں کا حسین امتزاج ہے، جو ایک خوبصورت گلدستے کی مانند ہے اس گلدستے کی ہر زبان ایک منفرد خوشبو اور رنگ رکھتی ہے، جو مجموعی طور پر صوبے کی شناخت کو مضبوط بناتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مادری زبانوں کے عالمی دن کے موقع پر اے پی پی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچی، پشتو، براہوی، سرائیکی، سندھی، پنجابی، ہزارگی اور دیگر زبانیں بلوچستان کی سماجی ہم آہنگی اور روایتی دانش کی علامت ہیں مادری زبان نہ صرف اظہار ...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

خیال کا ذریعہ ہے بلکہ یہ نسل در نسل منتقل ہونے والی اقدار، تاریخ اور لوک دانش کی محافظ بھی ہے میر سلیم کھوسہ کا کہنا تھا کہ لسانی تنوع کو تقسیم کی بجائے طاقت سمجھنا چاہئے مختلف اقوام کا باہمی احترام اور ایک دوسرے کی زبانوں کو سراہنا ہی حقیقی یکجہتی کی بنیاد ہے انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ تعلیمی، ادبی اور سماجی سطح پر مادری زبانوں کے فروغ کیلئے عملی اقدامات کئے جائیں تاکہ نوجوان نسل اپنی تہذیبی شناخت پر فخر کر سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان میں ایسے اقدامات کی حمایت کرتی ہے جو لسانی ہم آہنگی، ثقافتی رابطے اور بین الثقافتی مکالمے کو فروغ دیں، کیونکہ مضبوط معاشرے وہی ہوتے ہیں جو اپنی جڑوں سے جڑے رہتے ہیں اور تنوع کو اپنی طاقت بناتے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan News Quetta

Bullet No.______ Dated: 21 FEB 2026 Page No.______

ایف سی بلوچستان کے کیچ میں تین اہم سیمینار

نسیم الحق زاہدی

ملک دشمن عناصر کی جانب سے جنوبی بلوچستان کے ضلع کیچ کو ایک عرصے تک محرومی اور بے روزگاری کے من گھڑت بیانیے کے ساتھ جوڑا جاتا رہا۔ تاہم حالات اس کے بالکل برعکس ہیں یہاں روزگار کے امکانات کی کوئی کمی نہیں بلکہ ان مواقع کو منظم سمت دینے، نوجوانوں کی رہنمائی کرنے اور معاشرے کے مختلف طبقات کو ایک فکری لڑی میں پرونے کی ضرورت ہے۔ اسی تناظر میں ایف سی بلوچستان)ساؤتھ (کی جانب سے کیچ میں منعقد کیے گئے مسلسل تین اہم سیمینارز ایک مربوط سماجی و فکری حکمت عملی کی نمائندگی کرتے ہیں جن کا مقصد نوجوانوں، خواتین اور عام شہریوں کو ترقی اور استحکام کے اجتماعی سفر میں شریک کرنا ہے۔ کیچ میں چند روز قبل جنوبی بلوچستان میں نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع کے موضوع پر منعقد سیمینار سوئم نے ایک ایسے تاثر کو چیلنج کیا جو برسوں سے نوجوان ذہنوں پر بوجھ بن کر مسلط رہا ہے) کہ جنوبی بلوچستان میں روزگار کے مواقع نہ ہونے کے برابر ہیں۔ (اس سیمینار کا بنیادی مقصد اس منفی سوچ کا ازالہ کرنا اور نوجوانوں کو یہ باور کرانا تھا کہ ان کے اپنے جنوبی بلوچستان میں روزگار کے بے شمار امکانات موجود ہیں، ضرورت صرف رہنمائی، مہارت اور خود اعتمادی کے فروغ کی ہے۔ اس سیمینار میں مقامی سیاسی قیادت، قبائلی عمائدین، سول انتظامیہ، سکیورٹی اداروں کے نمائندگان، اساتذہ، ڈاکٹرز، دانشوروں، میڈیا نمائندگان اور تربت کے مختلف کالجز اور یونیورسٹی کے طلبہ و طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ سیمینار کے پینل میں صوبائی وزیر برائے ترقی و منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، سیکرٹری اسپورٹس اینڈ امور نوجوانان ورا بلوچ، معروف کاروباری شخصیت حاجی برکت بلیدی، فاؤنڈر جھونم انٹرپرائز مصطفیٰ احمد زئی، فاؤنڈر نیمل فوڈز ثاقب وحید اور کوفاؤنڈر روز گوادر اسٹور ماریہ معظم شامل تھے۔ پینل ممبران کی گفتگو کی اہمیت اس لیے بھی دو چند ہوگئی کہ ان کا تعلق جنوبی بلوچستان سے ہے اور انھوں نے محدود وسائل میں جدوجہد کر کے اپنی پہچان بنائی۔ مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ جنوبی بلوچستان میں چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار اور ڈیجیٹل معیشت کے شعبوں میں نمایاں گنجائش موجود ہے۔ نوجوان اگر جدید ہنر سیکھیں اور تسلسل کے ساتھ محنت کریں تو ایک خوشحال مستقبل ان کا منتظر ہے۔ مزید روایتی کاروبار کے ساتھ ساتھ ڈیجیٹل شعبوں میں میسر مواقعوں پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی۔ سیمینار کے پینل ممبران کی ذاتی جدوجہد اور کامیابیوں نے نوجوانوں کے حوصلے بلند کیے اور یہ پیغام دیا گیا کہ مشکلات کسی بھی معاشرے کا حصہ ہوتی ہیں مگر وہی قومیں آگے بڑھتی ہیں جو حالات کو جواز بنانے کے بجائے انھیں بدلنے کا عزم رکھتی ہیں۔ اس موقع پر آئی جی ایف سی بلوچستان) ساؤتھ (نے اپنے خطاب میں نوجوانوں کو تلقین کہ وہ تعلیم اور ہنر کے حصول پر توجہ مرکوز رکھیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ جنوبی بلوچستان میں روزگار اور ترقی کے مواقع موجود ہیں، نوجوانوں کو مشکلات سے گھبرانے کے بجائے محنت، مستقل مزاجی اور لگن کو اپنا شعار بنا کر کامیابی کی منازل طے کرنا ہوں گی۔ اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ضلع کیچ میں منعقد ہونے والا معاشرتی ترقی میں بلوچ خواتین کا کردار کے موضوع پر دوسرا اہم سیمینار تھا۔ اس سیمینار کا مقصد بلوچستان کی خواتین کی معاشی و سماجی اہمیت اور علاقائی ترقی میں ان کے کردار کو اجاگر کرنا تھا جس میں ارکان بلوچستان اسمبلی، مقامی سیاسی و سماجی شخصیات، سول انتظامیہ، سکیورٹی نمائندگان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی لگ بھگ دو سو خواتین کی شرکت نے اس امر کو اجاگر کیا کہ بلوچ معاشرہ خواتین کے کردار کو تسلیم کرتا ہے اور انھیں قومی دھارے میں مزید فعال دیکھنا چاہتا ہے۔ سیمینار کے پینل میں سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، صوبائی وزیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید، سابق رکن بلوچستان اسمبلی مسز ماہ جبین شیران اور بلوچستان یونیورسٹی کی پروفیسر ڈاکٹر شاہدہ حبیب شامل تھیں۔ مقررین نے اس حقیقت کو اجاگر کیا کہ بلوچ خواتین نے تعلیم، طب، بیوروکریسی، سیاست اور دیگر شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے اور وہ معاشرتی استحکام کی مضبوط ستون ہیں۔ سوال و جواب کے سیشن میں طالبات کی پراعتماد گفتگو اس بات کی علامت تھی کہ نئی نسل کی خواتین اپنے حقوق اور ذمہ داریوں دونوں سے آگاہ ہیں۔ آئی جی ایف سی بلوچستان) ساؤتھ (نے اپنے خطاب میں کہا کہ معاشرتی ترقی ایک منظم ارتقائی عمل ہے، جس میں بلوچ خواتین کا کردار نہایت اہم ہے۔ آج بلوچ خواتین اپنی محنت، عزم اور صلاحیتوں کے بل پر قومی ترقی میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہیں۔ انھوں نے خواتین پر زور دیا کہ وہ ترقی کے اس سفر میں اپنے اخلاقی و ثقافتی اقدار کو برقرار رکھیں، مشکلات کے سامنے ہمت نہ ہاریں، میسر مواقع سے فائدہ اٹھائیں اور اپنی ذمہ داریوں کو دیانت داری سے نبھائیں۔ اسی سلسلے میں تیسرا اہم سیمینار ترقی اور سکیورٹی ایک مشترکہ ذمہ داری کے عنوان سے منعقد ہوا جس کا مقصد عوام میں یہ شعور اجاگر کرنا تھا کہ امن و امان کا قیام، قانون کی بالادستی اور دہشت گردی و جرائم کا خاتمہ صرف ریاستی اداروں کی نہیں بلکہ پورے معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور امن کے بغیر ترقی ناممکن ہے۔ اس سیمینار میں ارکان اسمبلی، مقامی سیاست دانوں، سول انتظامیہ، سکیورٹی اداروں، انجمن تاجران، وکلا، دانشوروں اور قبائلی عمائدین، پریس کلب کے ممبران سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے 200 سے زائد افراد نے بھرپور شرکت کی۔ سیمینار کے پینل میں صوبائی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی ظہور بلیدی، صوبائی وزیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید اور ڈائریکٹر بلوچستان تھنک ٹینک ڈاکٹر سراج بشیر شامل تھے۔ مقررین نے اپنے خطاب میں اس بات پر زور دیا کہ علاقے میں دیرپا امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے عوام کی بھرپور شمولیت اور سکیورٹی اداروں کے ساتھ قریبی ہم آہنگی انتہائی ضروری ہے۔ اس موقع پر آئی جی ایف سی بلوچستان) ساؤتھ (نے کہا کہ ایف سی بلوچستان) ساؤتھ (سکیورٹی کے ساتھ ساتھ فلاحی اور سماجی شعبوں میں بھی سرگرم ہے جن میں بیواؤں کے لیے گھروں کی تعمیر، اسکولوں، مدارس اور بنیادی صحت مراکز کی بحالی، فری میڈیکل کیمپس، سولر سسٹم اور آر او پلانٹس کی فراہمی، کھیلوں کی سرگرمیاں اور عوامی مسائل کے حل کے لیے جرگوں اور کھلی کچہریوں کا انعقاد شامل ہے۔ سیمینار کے اعلامیے میں کیچ سول لیزان کمیٹی کے قیام کا فیصلہ کیا گیا، جو باہمی رابطے اور مسائل کے حل کے لیے ایک موثر پلیٹ فارم فراہم کرے گی۔ شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے سکیورٹی اداروں کے ساتھ مل کر مثبت کردار ادا کریں گے۔ ان تینوں سیمینارز کو مجموعی تناظر میں دیکھا جائے تو ایک واضح پیغام ابھرتا ہے کہ جنوبی بلوچستان میں ترقی کا عمل صرف سرکاری منصوبوں تک محدود نہیں بلکہ فکری بیداری، سماجی ہم آہنگی اور عوامی شرکت سے جڑا ہوا ہے۔ نوجوانوں کو روزگار کی سمت دینا، خواتین کو معاشرتی کردار میں مزید فعال بنانا اور امن و امان کے قیام کو اجتماعی ذمہ داری کے طور پر تسلیم کرنا۔ یہ سب عناصر مل کر ایک ایسے معاشرے کی تشکیل کرتے ہیں جو خود اعتمادی اور استحکام کی بنیاد پر آگے بڑھتا ہے۔

اداریے،مضامین

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily AZADI QUETTA

Bullet No. Dated 21 FEB 2026 Page No.

ماہ صیام کے دوران کوئٹہ سمیت دیگر اضلاع میں مہنگائی کا جن بے قابو، وزیراعلیٰ بلوچستان کا رمضان پیکج اور مافیاز کیخلاف سخت ایکشن!

ماہ صیام کی آمد کے ساتھ ہی کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں اشیاء ضروریہ، سبزیوں، پھلوں، کھجور سمیت دیگر کی قیمتوں کو پر لگ گئے، مافیاز عوام کو لوٹنے لگے، مارکیٹوں میں من مانی قیمتوں پر اشیاء فروخت کی جارہی ہیں، مہنگائی سے عوام کے ہوش اڑ گئے۔ ماہ صیام کی آمد کے ساتھ ہی ذخیرہ اندوز اور مارکیٹ مافیاز سرگرم ہوجاتے ہیں، سرکاری نرخ ناموں کو ہوا میں اڑا دیتے ہیں، سحر و افطار کی چیزوں کو مہنگے کردیتے ہیں۔غریب عوام مبارک ماہ کے دوران مہنگائی کے باعث شدید مالی مشکلات سے دوچار ہیں۔حکومتی سطح پر سستا بازار اور مارکیٹوں میں اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں کو برقرار رکھنے کیلئے سخت اقدامات کی ضرورت ہے خاص کر پرائس کنٹرول کمیٹیوں اور انتظامیہ کی ذمہ داری بنتی ہے کہ مارکیٹوں میں سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد کرائیں اور گرانفروشوں کے خلاف سخت ایکشن لیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے اقدامات قابل ستائش ہیں۔وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ماہِ صیام کے دوران اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں میں استحکام برقرار رکھنے کا اعلان کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ عوام کو ریلیف کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔وزیراعلیٰ بلوچستان نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں مصنوعی مہنگائی، گراں فروشی اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ گراں فروشی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انتظامیہ کو ہدایت دی گئی ہے کہ مارکیٹوں کی مسلسل نگرانی کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو مقررہ نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی دستیابی ممکن ہو۔انہوں نے کہا کہ صوبہ بھر میں تین لاکھ اٹھائیس ہزار مستحق خاندانوں کو خصوصی رمضان پیکج فراہم کیا جارہا ہے جس کا مقصد غریب اور کمزور طبقات کو مہنگائی کے اثرات سے محفوظ رکھنا اور انہیں زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا ہے۔اس پیکج کی شفاف تقسیم کو یقینی بنانے کے لیے 8 رکنی ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹیوں کے ذریعے مستحقین تک امداد پہنچائی جارہی ہے تاکہ حق دار افراد کو بروقت اور منصفانہ طریقے سے سہولت میسر آئے۔وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت رمضان المبارک کے دوران عوامی ریلیف کے اقدامات کو مزید مؤثر بنائے گی اور کسی بھی سطح پر غفلت یا بدانتظامی برداشت نہیں کی جائے گی۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ اگر انہیں قیمتوں میں اضافے یا رمضان پیکج کی تقسیم سے متعلق کوئی شکایت ہو تو وہ وزیراعلیٰ شکایت سیل سے فوری طور پر رابطہ کریں تاکہ شکایات کا بروقت ازالہ یقینی بنایا جاسکے۔وزیراعلیٰ نے یقین دہانی کرائی کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور رمضان المبارک میں زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کی جائے گی۔وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے رمضان پیکج کے تحت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کا عمل خوش آئند عمل ہے۔کوئٹہ سمیت تمام اضلاع میں سستا رمضان بازار کے قیام کیلئے بھی اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ عوام کیلئے مزید آسانی پیدا ہو۔ انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹیوں کی مسلسل نگرانی کو یقینی بنایا جائے تاکہ مارکیٹوں میں اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں میں استحکام رہے، مافیاز کی من مانی ختم ہو۔ماہ صیام عوام کیلئے مزید مشکلات کی بجائے آسانی کا سبب بنے اور وہ اپنی ضروریات وخواہشات پوری کرسکیں جو ان کا بنیادی حق ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan News Quetta
Bullet No. ______ Dated: 21 FEB 2026 Page No. ______

ایف سی بلوچستان کے تیچ میں تین اہم سیمینار

نسیم الحق زاہدی

ملک دشمن عناصر کی جانب سے جنوبی بلوچستان کے ضلع کیچ کو ایک عرصے تک محرومی اور بے روزگاری کے من گھڑت بیانیے کے ساتھ جوڑا جاتا رہا۔ تاہم حالات اس کے بالکل برعکس ہیں یہاں روزگار کے امکانات کی کوئی کمی نہیں بلکہ ان مواقع کو منظم سمت دینے، نوجوانوں کی رہنمائی کرنے اور معاشرے کے مختلف طبقات کو ایک فکری لڑی میں پرونے کی ضرورت ہے۔ اسی تناظر میں ایف سی بلوچستان (ساوتھ) کی جانب سے کیچ میں منعقد کیے گئے مسلسل تین اہم سیمینارز ایک مربوط سماجی و فکری حکمت عملی کی نمائندگی کرتے ہیں جن کا مقصد نوجوانوں، خواتین اور عام شہریوں کو ترقی اور استحکام کے اجتماعی سفر میں شریک کرنا ہے۔ کیچ میں چند روز قبل جنوبی بلوچستان میں نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع کے موضوع پر منعقدہ سیمینار سوئم نے ایک ایسے تاثر کو چیلنج کیا جو برسوں سے نوجوان ذہنوں پر بوجھ بن کر مسلط رہا ہے کہ جنوبی بلوچستان میں روزگار کے مواقع نہ ہونے کے برابر ہیں۔ اس سیمینار کا بنیادی مقصد اس منفی سوچ کا ازالہ کرنا اور نوجوانوں کو یہ باور کرانا تھا کہ ان کے اپنے جنوبی بلوچستان میں روزگار کے بے شمار امکانات موجود ہیں، ضرورت صرف رہنمائی، مہارت اور خود اعتمادی کے فروغ کی ہے۔ اس سیمینار میں مقامی سیاسی قیادت، قبائلی عمائدین، سول انتظامیہ، سکیورٹی اداروں کے نمائندگان، اساتذہ، ڈاکٹرز، دانشوروں، میڈیا نمائندگان اور تربت کے مختلف کالجز اور یونیورسٹی کے طلبہ وطالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ سیمینار کے پینل میں صوبائی وزیر برائے ترقی و منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی، سیکرٹری اسپورٹس اینڈ امور نوجوانان ورا بلوچ، معروف کاروباری شخصیت حاجی برکت بلیدی، فاونڈر جھونم انٹرپرائز مصطفی احمد زئی، فاونڈر بمبل فوڈز ثاقب وحید اور کوفاونڈر روز گوار اسٹور ماریہ معظم شامل تھے۔ پینل ممبران کی گفتگو کی اہمیت اس لیے بھی دو چند ہوگئی کہ ان کا تعلق جنوبی بلوچستان سے ہے اور انھوں نے محدود وسائل میں جدوجہد کر کے اپنی پہچان بنائی۔ مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ جنوبی بلوچستان میں چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار اور ڈیجیٹل معیشت کے شعبوں میں نمایاں گنجائش موجود ہے۔ نوجوان اگر جدید ہنر سیکھیں اور تسلسل کے ساتھ محنت کریں تو ایک خوشحال مستقبل ان کا منتظر ہے۔ مزید روایتی کاروبار کے ساتھ ساتھ ڈیجیٹل شعبوں میں میسر مواقعوں پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی۔ سیمینار کے پینل ممبران کی ذاتی جدوجہد اور کامیابیوں نے نوجوانوں کے حوصلے بلند کیے اور یہ پیغام دیا گیا کہ مشکلات کسی بھی معاشرے کا حصہ ہوتی ہیں مگر وہی قومیں آگے بڑھتی ہیں جو حالات کو جواز بنانے کے بجائے انھیں بدلنے کا عزم رکھتی ہیں۔ اس موقع پر آئی جی ایف سی بلوچستان (ساوتھ) نے اپنے خطاب میں نوجوانوں کو تلقین کی کہ وہ تعلیم اور ہنر کے حصول پر توجہ مرکوز رکھیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ جنوبی بلوچستان میں روزگار اور ترقی کے مواقع موجود ہیں، نوجوانوں کو مشکلات سے گھبرانے کے بجائے محنت، مستقل مزاجی اور لگن کو اپنا شعار بنا کر کامیابی کی منازل طے کرنا ہوں گی۔ اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ضلع کیچ میں منعقد ہونے والا معاشرتی ترقی میں بلوچ خواتین کا کردار کے موضوع پر دوسرا اہم سیمینار تھا۔ اس سیمینار کا مقصد بلوچستان کی خواتین کی معاشی و سماجی اہمیت اور علاقائی ترقی میں ان کے کردار کو اجاگر کرنا تھا جس میں اراکین بلوچستان اسمبلی، مقامی سیاسی و سماجی شخصیات، سول انتظامیہ، سکیورٹی نمائندگان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی لگ بھگ دوسو خواتین کی شرکت نے اس امر کو اجاگر کیا کہ بلوچ معاشرہ خواتین کے کردار کو تسلیم کرتا ہے اور انھیں قومی دھارے میں مزید فعال دیکھنا چاہتا ہے۔ سیمینار کے پینل میں سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، صوبائی وزیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید، سابق رکن بلوچستان اسمبلی مسز ماہ جبین شیران اور بلوچستان یونیورسٹی کی پروفیسر ڈاکٹر شاہدہ حبیب شامل تھیں۔ مقررین نے اس حقیقت کو اجاگر کیا کہ بلوچ خواتین نے تعلیم، طب، بیوروکریسی، سیاست اور دیگر شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے اور وہ معاشرتی استحکام کی مضبوط ستون ہیں۔ سوال و جواب کے سیشن میں طالبات کی پراعتماد گفتگو اس بات کی علامت تھی کہ نئی نسل کی خواتین اپنے حقوق اور ذمہ داریوں دونوں سے آگاہ ہیں۔ آئی جی ایف سی بلوچستان (ساوتھ) نے اپنے خطاب میں کہا کہ معاشرتی ترقی ایک منظم ارتقائی عمل ہے، جس میں بلوچ خواتین کا کردار نہایت اہم ہے۔ آج بلوچ خواتین اپنی محنت، عزم اور صلاحیتوں کے بل پر قومی ترقی میں نمایاں کردار ادا کررہی ہیں۔ انھوں نے خواتین پر زور دیا کہ وہ ترقی کے اس سفر میں اپنے اخلاقی و ثقافتی اقدار کو برقرار رکھیں، مشکلات کے سامنے ہمت نہ ہاریں، میسر مواقع سے فائدہ اٹھائیں اور اپنی ذمہ داریوں کو دیانت داری سے نبھائیں۔ اسی سلسلے میں تیسرا اہم سیمینار ترقی اور سکیورٹی ایک مشترکہ ذمہ داری کے عنوان سے منعقد ہوا جس کا مقصد عوام میں یہ شعور اجاگر کرنا تھا کہ امن وامان کا قیام، قانون کی بالادستی اور دہشت گردی و جرائم کا خاتمہ صرف ریاستی اداروں کی نہیں بلکہ پورے معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور امن کے بغیر ترقی ناممکن ہے۔ اس سیمینار میں ارکان اسمبلی، مقامی سیاست دانوں، سول انتظامیہ، سیکیورٹی اداروں، انجمن تاجران، وکلا، دانشوروں اور قبائلی عمائدین، پریس کلب کے ممبران سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے 200 سے زائد افراد نے بھرپور شرکت کی۔ سیمینار کے پینل میں صوبائی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی ظہور بلیدی، صوبائی وزیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید اور ڈائریکٹر بلوچستان تھنک ٹینک ڈاکٹر سراج بشیر شامل تھے۔ مقررین نے اپنے خطاب میں اس بات پر زور دیا کہ علاقے میں دیرپا امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے عوام کی بھرپور شمولیت اور سکیورٹی اداروں کے ساتھ قریبی ہم آہنگی انتہائی ضروری ہے۔ اس موقع پر آئی جی ایف سی بلوچستان (ساوتھ) نے کہا کہ ایف سی بلوچستان (ساوتھ) سکیورٹی کے ساتھ ساتھ فلاحی اور سماجی شعبوں میں بھی سرگرم ہے جن میں بیواؤں کے لیے گھروں کی تعمیر، اسکولوں، مدارس اور بنیادی صحت مراکز کی بحالی، فری میڈیکل کیمپس، سولر سسٹم اور آر او پلانٹس کی فراہمی، کھیلوں کی سرگرمیاں اور عوامی مسائل کے حل کے لیے جرگوں اور کھلی کچہریوں کا انعقاد شامل ہے۔ سیمینار کے اعلامیے میں کیچ سول لیزان کمیٹی کے قیام کا فیصلہ کیا گیا، جو باہمی رابطے اور مسائل کے حل کے لیے ایک موثر پلیٹ فارم فراہم کرے گی۔ شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے سکیورٹی اداروں کے ساتھ مل کر مثبت کردار ادا کریں گے۔ ان تینوں سیمینارز کو مجموعی تناظر میں دیکھا جائے تو ایک واضح پیغام ابھرتا ہے کہ جنوبی بلوچستان میں ترقی کا عمل صرف سرکاری منصوبوں تک محدود نہیں بلکہ فکری بیداری، سماجی ہم آہنگی اور عوامی شرکت سے جڑا ہوا ہے۔ نوجوانوں کو روزگار کی سمت دینا، خواتین کو معاشرتی کردار میں مزید فعال بنانا اور امن و امان کے قیام کو اجتماعی ذمہ داری کے طور پر تسلیم کرنا۔ یہ سب عناصر مل کر ایک ایسے معاشرے کی تشکیل کرتے ہیں جو خود اعتمادی اور استحکام کی بنیاد پر آگے بڑھتا ہے۔

اداریے،مضامین

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily AZADI QUETTA

Bullet No. Dated: 21 FEB 2026 Page No.

ماہ صیام کے دوران کوئٹہ سمیت دیگر اضلاع میں مہنگائی کا جن بے قابو، وزیر اعلیٰ بلوچستان کا رمضان پیکج اور مافیاز کیخلاف سخت ایکشن!

ماہ صیام کی آمد کے ساتھ ہی کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں اشیاء ضروریہ، سبزیوں، پھلوں، کھجور سمیت دیگر کی قیمتوں کو پر لگ گئے، مافیاز عوام کو لوٹنے لگے، مارکیٹوں میں من مانی قیمتوں پر اشیاء فروخت کی جارہی ہیں، مہنگائی سے عوام کے ہوش اڑ گئے۔ ماہ صیام کی آمد کے ساتھ ہی ذخیرہ اندوز اور مارکیٹ مافیاز سرگرم ہو جاتے ہیں، سرکاری نرخ ناموں کو ہوا میں اڑا دیتے ہیں، سحر و افطار کی چیزوں کو مہنگے کر دیتے ہیں۔ غریب عوام مبارک ماہ کے دوران مہنگائی کے باعث شدید مالی مشکلات سے دوچار ہیں۔ حکومتی سطح پر سستا بازار اور مارکیٹوں میں اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں کو برقرار رکھنے کیلئے سخت اقدامات کی ضرورت ہے خاص کر پرائس کنٹرول کمیٹیوں اور انتظامیہ کی ذمہ داری بنتی ہے کہ مارکیٹوں میں سرکاری نرخ نامے پر عملدرآمد کرائیں اور گرانفروشوں کے خلاف سخت ایکشن لیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے اقدامات قابل ستائش ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ماہِ صیام کے دوران اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں استحکام برقرار رکھنے کا اعلان کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ عوام کو ریلیف کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں مصنوعی مہنگائی، گراں فروشی اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گراں فروشی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انتظامیہ کو ہدایت دی گئی ہے کہ مارکیٹوں کی مسلسل نگرانی کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو مقررہ نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی دستیابی ممکن ہو۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ بھر میں تین لاکھ اٹھائیس ہزار مستحق خاندانوں کو خصوصی رمضان پیکج فراہم کیا جارہا ہے جس کا مقصد غریب اور کمزور طبقات کو مہنگائی کے اثرات سے محفوظ رکھنا اور انہیں زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنا ہے۔ اس پیکج کی شفاف تقسیم کو یقینی بنانے کے لیے 8 رکنی ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹیوں کے ذریعے مستحقین تک امداد پہنچائی جارہی ہے تاکہ حق دار افراد کو بروقت اور منصفانہ طریقے سے سہولت میسر آئے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت رمضان المبارک کے دوران عوامی ریلیف کے اقدامات کو مزید مؤثر بنائے گی اور کسی بھی سطح پر غفلت یا بدانتظامی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ اگر انہیں قیمتوں میں اضافے یا رمضان پیکج کی تقسیم سے متعلق کوئی شکایت ہو تو وہ وزیر اعلیٰ شکایت سیل سے فوری طور پر رابطہ کریں تاکہ شکایات کا بروقت ازالہ یقینی بنایا جاسکے۔ وزیر اعلیٰ نے یقین دہانی کرائی کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور رمضان المبارک میں زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے رمضان پیکج کے تحت عوام کو ریلیف فراہم کرنے کا عمل خوش آئند عمل ہے۔ کوئٹہ سمیت تمام اضلاع میں سستا رمضان بازار کے قیام کیلئے بھی اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ عوام کیلئے مزید آسانی پیدا ہو۔ انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹیوں کی مسلسل نگرانی کو یقینی بنایا جائے تاکہ مارکیٹوں میں اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں استحکام رہے، مافیاز کی من مانی ختم ہو۔ ماہ صیام عوام کیلئے مزید مشکلات کی بجائے آسانی کا سبب بنے اور وہ اپنی ضروریات و خواہشات پوری کرسکیں جو ان کا بنیادی حق ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MEEZAN QUETTA

Bullet No. Dated 21 FEB 2026 Page No.

کوئٹہ میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کے تعین کا نیا نوٹیفکیشن جاری

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بدقسمتی سے ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کی کارکردگی مبینہ طور پر اچھی نہ ہونے کے باعث اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں استحکام نہیں آسکا ہے۔ ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی میں بھی کوئی نرخنامہ جاری کرتی ہے دکاندار اور تاجر اس پر عمل درآمد نہیں کرتے ہیں اور اپنی مرضی سے اشیاء خوردونوش کو فروخت کرتے ہیں جس کے باعث مہنگائی کم ہرنے کی بجائے بڑھتی جارہی ہے۔ اس سے ایک غریب آدمی جس کا معاشی بجٹ بڑا محدود ہوتا ہے اس میں اس کی گذر بسر نہیں ہوسکتی۔

ہمارے ہاں ایک عرصے سے یہ روایت چل آرہی ہے کہ رمضان المبارک کے مقدس ماہ میں مہنگائی میں اضافہ کر دیا جاتا ہے اس میں منافع بخش اور ذخیرہ اندوز مافیاز سرگرم ہو جاتے ہیں اور وہ اس مقدس ماہ میں غریب عوام کو دونوں ہاتھوں سے بے دردی کے ساتھ لوٹتے ہیں وہ اس ماہ کو ''سیزن'' کا نام دیتے ہیں جس میں وہ پورے سال کی کمائی کرنے کی نہ صرف کوشش کرتے ہیں بلکہ اس میں اکثر کامیاب بھی ہو جاتے ہیں۔ رمضان کے ماہ میں اشیاء خوردونوش اور دیگر ضروری اشیاء ہر شخص کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس طرح مذکورہ مافیاز اس کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنی تجوریاں بھرتے ہیں ان کو اس بات سے کوئی غرض نہیں کہ غریب اشیائے ضروریہ کیسے خریدتا ہے ان کا مقصد صرف پیسہ بنانا ہوتا ہے اور وہ اس میں کامیاب بھی ہو جاتے ہیں۔

گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر کوئٹہ و چیئرمین ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی مہراللہ بادینی نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کے تعین کا نیا نوٹیفکیشن جاری کرتے ہوئے ہدایات جاری کی ہیں کہ اس نوٹیفکیشن کا اطلاق فوری طور پر ہوگا اور آئندہ احکامات تک نافذ العمل رہے گا تمام دکانداروں کو قیمتوں کی فہرست نمایاں جگہ پر آویزاں کرنا لازمی ہوگا جبکہ مقررہ نرخوں سے زیادہ قیمت وصول کرنے یا کم وزن دینے والوں کیخلاف کارروائی کی جائے گی ضلعی انتظامیہ نے شہریوں سے بھی اپیل کی ہے کہ گرانفروشی کی صورت میں متعلقہ حکام کو اطلاع دیں تاکہ فوری طور پر کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ و چیئرمین ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی مہراللہ بادینی کی جانب سے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کے تعین کا نیا نوٹیفکیشن جاری کرنا قابل تعریف اقدام ہے۔

اب یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ ضلعی انتظامیہ کو اس سلسلے میں اپنی کارروائیوں کو تیز کرتے ہوئے گرانفروشوں منافع بخش اور ذخیرہ اندوزوں کے ساتھ کسی بھی قسم کا کوئی کمپرومائز نہ کرتے ہوئے ان کے خلاف سخت کارروائی کرنی چاہئے اور اس عمل کو صرف رمضان المبارک تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ اس کو مستقل بنیادوں پر نافذ کیا جائے

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان
Daily Balochistan Time Quetta
Bullet No.
Dated 21 FEB 2026
Page No.

Backbreaking inflation

The arrival of the holy month of Ramazan has been marred by an all-too-familiar spectre: rampant, unchecked profiteering. Despite the sanctity of the month, the province's markets have transformed into a landscape of economic distress, where the basic necessity of breaking one's fast has become a luxury. The blatant disregard for government-mandated price lists by the shopkeeping community is not merely a violation of trade regulations; it is a profound failure of governance and a direct assault on the dignity of the common man.

In Quetta and across the districts, the disparity between official rates and market reality is staggering. Meat, a staple for many during Sahur and Iftar, is being sold at premiums of 150 to 200 rupees above the notified prices. Even the humblest of provisions the Roti has seen an unjustifiable hike of 10 rupees, hitting the most vulnerable segments of society where it hurts most. When the cost of bread and basic protein skyrockets simultaneously, the nutritional security of thousands of families is pushed to the brink. This "Ramazan inflation" is not an organic result of supply chain issues; it is a calculated move by a powerful retailers' lobby that operates.

The volatility of the vegetable and fruit markets further complicates the plight of the masses. Prices fluctuate wildly from morning to evening, often doubling without rhyme or reason. For the poor, who subsist on daily wages, the act of walking into a bazaar has become a source of anxiety rather than preparation for worship. While the provincial government and district administrations issue stern warnings and publish daily price lists, these documents remain little more than pieces of paper in the face of defiant shopkeepers. The inability of the authorities to enforce their own orders has emboldened the profiteers, creating a vacuum where greed dictates the market rather than law.

The public outcry is growing, and it is entirely justified. The masses are not asking for subsidies they cannot afford; they are demanding the implementation of the law. It is high time the Balochistan government moved beyond superficial raids and nominal fines that retailers treat as a minor cost of doing business. What is required is a robust, transparent, and persistent enforcement mechanism. Price control committees must be active on the ground, not just in offices, and repeat offenders must face the full weight of the law to serve as a deterrent. The state must reclaim its role as the protector of the public interest, ensuring that the spirit of Ramazan is not overshadowed by the shadow of exploitation.